© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نقشِ آغاز

## علامہ خمینی کے نظریات

> ایڈیٹر الحق کے سفرِ حج پر جانے کی وجہ سے اس ماہ کے نقشِ آغاز میں برصغیر کے عظیم دینی مرکز دار العلوم دیوبند کے ترجمان ماہنامہ دار العلوم کا تازہ اداریہ شامل کیا جارہا ہے۔

انقلابِ ایران کے قائد اور لیڈر علامہ خمینی نہ صرف شیعی معتقدات کے پابند ہیں بلکہ وہ مذہب شیعیت کے زبردست داعی اور مبلغ بھی ہیں اس لئے ان کی سرکردگی اور سرپرستی میں ایران کے اندر جو انقلاب رونما ہوا ہے وہ ایک خالص شیعی انقلاب ہے، جس کا اسلامی انقلاب سے ادنیٰ بھی تعلق نہیں ہے۔ لیکن تقیہ (جھوٹ اور فریب) کے دامِ تزویر اور پروپیگنڈہ کی غیر معمولی طاقت کے ذریعہ دنیا کو یہ باور کرایا جارہا ہے کہ علامہ خمینی شیعہ سنی اختلاف سے بیزار، وحدتِ اسلامی کے علم بردار ہیں اور مذہب شیعہ کے برخلاف وہ حضرات صحابہ بالخصوص خلفاء راشدین کی عزت و حرمت سنیوں ہی کی طرح کرتے ہیں۔ اس پروپیگنڈے سے متاثر ہو کر عوام کے علاوہ بہت سے اربابِ علم و تحقیق بھی علامہ خمینی کو ایسا ہی یقین کرتے ہیں اور اس بنیاد پر ایران میں ان کے برپا کئے ہوئے انقلاب کو اسلامی انقلاب کہتے اور سمجھتے ہیں۔

اس بارے میں ہمارے پاس کثرت سے خطوط آئے جن میں عام طور پر صحیح صورتِ حال سے بے خبری کی بنا پر غلطی میں پڑ جانے کا اعتراف ہے۔ لیکن ان میں ایک خط ایسا بھی ہے جس میں حرفِ آغاز کے مندرجات سے اختلاف کیا گیا ہے۔ یہ مکتوب بنگلور کی ایک مسجد کے امام صاحب کی جانب سے لکھا گیا ہے۔ اس کے لب و لہجہ اور اندازِ تحریر کے متعلق ہمیں کچھ کہنا نہیں ہے۔ کیونکہ ہر شخص اپنی ہمت و اندازہ کے مطابق ہی گفتگو کرتا ہے۔ البتہ موصوف کی دلیل جو انہوں نے پیش کی ہے۔ ضرور محلِ نظر ہے۔ وہ اپنی رائے کی اصابت کو مدلل کرنے کیلئے لکھتے ہیں۔ ایران کے انقلاب کو جماعتِ اسلامی ہند و پاک متفقہ طور پر مانتی اور کہتی ہے۔ اس لئے اسے شیعی انقلاب کہنا صحیح نہیں ہے۔ اس سلسلہ میں اتنی گذارش ہے کہ اگر موصوف کے نزدیک جماعتِ اسلامی ہی معیارِ حق ہے۔ تو پھر مزید گفتگو بے سود ہے۔ لیکن اگر کھلے دل و دماغ سے حقائق کو دلائل و براہین کی روشنی میں دیکھا جائے تو بات وہی درست ہے جو فروری کے شمارہ میں لکھی گئی ہے۔

شیعی معتقدات میں مسئلہ امامت، تبرا، تحریفِ قرآن اور تقیہ کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ علامہ خمینی ان عقائد میں اپنے پیش رو علماء کے بالکل نقشِ قدم پر چل رہے ہیں۔ بلکہ ان سے بھی دو چار قدم



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آگے ہی ہیں۔ چنانچہ فروری کے شمارہ میں مسئلہ امامت سے متعلق علامہ خمینی کی رائے خود ان کی مشہور تصنیف "الحکومۃ الاسلامیہ" کے حوالہ سے وضاحت کے ساتھ بیان کردی گئی ہے کہ وہ اپنے ائمہ کو نہ صرف معصوم سمجھتے ہیں بلکہ ان کے نزدیک ائمہ کا درجہ اور مقام ملائکہ مقربین اور حضرات انبیاء صلوات اللہ علیہم سے بھی بلند تر ہے۔ اور یہی نہیں بلکہ وہ اپنے ائمہ کو خدائے وحدہٗ لاشریک لہٗ کیطرح ہر قسم کے خطاء و نسیان اور بھول چوک سے بری سمجھتے ہیں۔ اور ان کی تعلیمات پر قرآن حکیم کی تعلیمات کی طرح سے عمل کرنا فرض اور ضروری سمجھتے ہیں۔ (دیکھئے کتاب مذکور کے صفحات ۱۳ اور ۵۲ وغیرہ)

اسی طرح مسئلہ تبرّا میں وہ کسی شیعی عالم سے پیچھے نہیں ہیں۔ چنانچہ صحابیٔ رسول حضرت بن جندب رضی اللہ عنہ پر صاف لفظوں میں وضع حدیث کی تہمت لگاتے ہیں۔ (الحکومۃ الاسلامیہ ص۱) کاتب وحی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا ذکر خاص تبرّائی انداز میں یوں کرتے ہیں: ومعاویہ تراس قومہ اربعین عاماً ولکنّہٗ لم یکسب لنفسہ سوی لعنتہ الدنیا وعذاب الآخرۃ الجہاد الاکبر۔ ص۱۸۔ معاویہ نے چالیس سال اپنی قوم پر حکومت کی لیکن اس مدت میں اپنے لئے دنیا کی لعنت اور آخرت کے عذاب کے علاوہ کچھ نہیں حاصل کیا۔

اپنی ایک اور تصنیف "کشف الاسرار" میں اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہ اگر قرآن میں صراحت کے ساتھ امام کا نام ذکر کر دیا جاتا تو اس اہم ترین مسئلہ میں امت کے درمیان اختلاف نہ پیدا ہوتا ــــ؟ لکھتے ہیں:

> فرضاً در قرآن اسم امام را ہم تعیین می کرد از کجا خلاف بین مسلمانہا واقع می شد آنہا نیکہ سالہا در طمع ریاست خود را بدین پیغمبر چسپاندہ بودند و دستہ بندیہا می کردند ممکن نہ بود بگفتۂ قرآن از کار خود دست بردارند باہر حیلہ بود کار خود را انجام می دارند بلکہ شاید در این صورت خلاف بین مسلمانہا طورے می شد کہ بانہدام اصل اسلام منتہی می شد زیرا کہ ممکن بود آنہا کہ در صدد ریاست بودند چون دیدند کہ باسم اسلام نمی شود بمقصود خود برسند یکرہ حزبے بر ضد اسلام تشکیل میدادند۔ (ص۱۱۳، ص۱۱۴)

یعنی بالفرض اگر قرآن میں امام کا نام متعین طور پر ذکر کر دیا جاتا تو اس سے مسئلہ امامت میں باہمی نزاع کا ختم ہونا کیونکر لازم آتا ہے۔ جن لوگوں نے حکومت، ریاست کی لالچ ہی میں اپنے آپ کو مدت دراز تک دین پیغمبر کے ساتھ چپکا رکھا تھا اور فرمانبردار بنے ہوئے تھے۔ ان سے ممکن نہیں تھا کہ وہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قرآن کے حکم کو مان کر اپنے مقصد سے دست بردار ہو جاتے جس حیلے سے بھی ان کی مقصد برآری ہوتی وہ اسے قطعی طور پر اختیار کرتے۔ بلکہ شاید امام کے نام کی تصریح کی صورت میں مسلمانوں کے درمیان ایسا اختلاف ہوتا کہ اسلام کی بنیاد ہی اکھڑ جاتی۔ کیونکہ ایسا ممکن ہے کہ اسلام لانے سے جن کا مقصد حصولِ ریاست، حکومت تھا وہ جب دیکھتے کہ اسلام کے نام سے وہ اپنا مقصد حاصل نہیں کر سکتے تو وہ اسلام ہی کے خلاف ایک پارٹی بنا کر میدان میں آجاتے۔

علامہ خمینی اپنی تحریر "اینہا نیکہ سالہا در طمع ریاست، خود بدین پیغمبر چسپانیدہ بودند۔۔۔ الخ" سے حضرات خلفاء ابوبکر صدیق، عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ عنہم کی جانب تعریض کر رہے ہیں، جیسا کہ مذہبِ شیعہ سے واقفیت رکھنے والے اچھی طرح جانتے ہیں۔

علامہ خمینی نے اپنی کتاب "کشف الاسرار" میں حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کا نام لیکر ان پر قرآن کی مخالفت کا الزام و اتہام لگایا ہے اور اس پر بھی جب ان کا دل ٹھنڈا نہیں ہوا تو "حدیث قرطاس" کی بحث میں حضرت فاروق اعظم کو (نعوذ باللہ) کافر اور زندیق تک لکھ گئے۔

ملاحظہ ہو اصل عبارت:

"این کلام یاوہ کہ از اصل کفر و زندقہ ظاہر شدہ مخالف است با آیائے از قرآن کریم۔"
(کشف الاسرار ص ۱۱۹)

کیا ان واضح تصریحات کے ہوتے ہوئے بھی علامہ خمینی کے بارہ میں یہ کہنا درست ہوگا کہ وہ شیعہ سنی اختلاف سے بیزار ہیں اور حضرات صحابہ بالخصوص خلفاء اربعہ کا احترام کرتے ہیں۔؟ علامہ خمینی کے انہیں شیعی معتقدات کی بناء پر ملّتِ اسلامیہ کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ پروپیگنڈہ کے فریب میں نہ آئیں۔ انقلاب ایران درحقیقت ایک شیعی انقلاب ہے اور اس کی نگاہیں حرمین شریفین پر لگی ہوئی ہیں۔" اب رہا جماعتِ اسلامی کا مسئلہ تو یہ جماعت، اور اس کے بانی شیعیت سے بہت قریب رکھتے ہیں، اس لئے ان کی حمایت، اس انقلاب کے اسلامی ہونے کی دلیل نہیں بن سکتی۔

واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل



© rasailojaraid.com